یہ کتاب نوجوانوں کی فکری تطہیر کے لیے نہایت موزوں ہے۔ اسلوبِ بیان سادہ اور لفظی پیچیدگیوں سے پاک ہے۔ کتاب کی قیمت نوجوانوں کے لیے نہیں، بزرگوں کے لیے بھی ہوش ربا ہے۔(ظفر حجازی)

قائد تحریک اسلامی سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، علی سفیان آفاقی۔ ناشر: اذان سحر پبلی کیشنز، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۴۳۵۶۶۷۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۸۰ روپے۔

سید مودودیؒ کی شخصیت، سوانح اور خدمات پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب کی انفرادیت یہ ہے کہ اسے مولانا مودودی پر پہلی تصنیف کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کا پہلا اڈیشن ۱۹۵۳ء میں اس وقت سامنے آیا جب فوجی عدالت کی طرف سے مولانا کو سزاے موت سنائی گئی۔

مصنف معروف صحافی ہیں اور وجۂ تالیف کے بارے میں لکھتے ہیں: ''مولانا مودودی کی عجیب وغریب شخصیت ہی تھی جس نے مجھے ان کی زندگی کے بارے میں جستجو پر اُکسایا۔ ایک مولوی جو مولویوں سے قطعی مختلف ہو، ایک لیڈر جو لیڈروں کی محفل میں نمایاں معلوم ہو، ایک پڑوسی جس پر اس کے ہمسایے فخر کریں، ایک باپ جو اپنی اولاد کے لیے باعثِ رحمت ہو، ایک شوہر جو اپنی بیوی کے لیے مثالی حیثیت رکھتا ہو، ایک حاکم جو اپنے ماتحتوں کی آنکھ کا تارا ہو، یہ تمام خصوصیات مولانا مودودیؒ ہی میں پائی جاسکتی ہیں'' (ص ۱۱)۔

مولانا کی شخصیت کے اِن گوشوں کو مولانا کی اہلیہ، صاحب زادے عمر فاروق، پڑوسی اور رفقا کے تاثرات سے واضح کیا گیا ہے۔ 'حاشیے اور یادداشتیں' کے تحت مولانا کے مطالعے کا انداز، تقریر کی تیاری کے نوٹس دیے گئے ہیں۔ 'مکاتیب' کے تحت مولانا کی خطوط نویسی کو زیربحث لایا گیا ہے اور غیرمطبوعہ خطوط شائع کیے گئے ہیں۔ اسلوبِ بیان بہت دل چسپ ہے کہ قاری پڑھتا چلا جاتا ہے۔ مولانا مودودی کو جاننے کے لیے ایک مفید کتاب۔ (امجد عباسی)

جب خواب حقیقت بنتے ہیں، رفیع الزماں زبیری۔ ناشر: فضلی سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

اندرونی سرورق پر ضمنی عنوان (ترکی کے تین سفر) سے مصنف کے خوابوں کا موضوع